یہ بھی مشاہدے میں آیا دوران ٹریننگ پروگرام ماضی اور حال میں کہ سندھ سے تعلق رکھنے والے افراد نے اس ٹریننگ میں سب سے کم دل چسپی لی جب کہ خیبر پختون خواہ سے تعلق رکھنے والے افراد نے زبان کی رکاوٹ کی وجہ سے پھر بھی اسے آرام دہ محسوس کیا کیوں کہ اکثر ٹریننگ دینے والے افسران پشتو زبان جانتے/ بولتے تھے۔ جب کہ اسلام آباد، پنجاب اور بلوچستان پولیس نے سب سے زیادہ دل چسپی لی اور بہت شوق سے اسے حاصل کیا۔ اُن کی لگن علم حاصل کرنے کی خواہش ذہنی صلاحیت اور آگے بڑھنے کی جستجو نمایاں نظر آئی۔ خواتین کی شرکت پولیس ٹریننگ میں نہ ہونے کے برابر تھی۔ صوبائی فرق افراد کے درمیان جو شرکاء تھے وہ بھی دیکھنے میں آیا۔ ٹریننگ دینے والے ماہرین نے اپنا ہدف نظریاتی/تھیوری پر زیادہ مرکوز رکھا۔ اور لیکچر دیئے اپنے سیشن میں۔ ان لوگوں کو اس سے پہلے ٹریننگ کروانے کا تجربہ نہیں تھا۔ خاص طور پر پولیس سے۔ ان کا طرز ٹریننگ (تربیت) شرکاء کو اپنی طور پر زیادہ مائل نہ کرسکا۔ جج پولیس اور وکلاء کے درمیان اختلاف اور محاذ آرائی بھی دیکھی گئی۔ لہٰذا جج اور وکلا کو پولیس میں ایسی تربیت میں بلوانا بطور تربیت دینے والے افراد کے صورت حال کو پیچیدہ اور مشکل بنا گیا۔

شرکاء کی جانب سے تربیتی پروگرام کی مدت بڑھانے کی بھی درخواست کی گئی تاکہ وہ اپنے کورس کو مزید گہرائی سے اور تفصیل سے پڑھ اور سمجھ سکیں۔

صرف شہری وہ پلیٹ فارم تھا جہاں پولیس افسران مختلف عہدوں کے مختلف صوبوں سے موجود تھے ایک ہی فورم میں جہاں وہ نہ صرف شرکا تھے بلکہ ایک دوسرے سے ہم کلام اور میل جول بھی کر رہے تھے۔ اس سے صوبوں کے درمیان ہم آہنگی اور صوبائی تعصب کو کم کرنے میں مدد ملی۔ اس کے علاوہ سینئر اور جونیئر افسران کا فرق کم کرنے میں مدد ملی۔ سب سے اہم بات یہ تھی کہ اس سال کے پروگرام کی کہ اس سال ماسٹر تربیت دینے والا عملہ بہت سرگرم رہا بہ نسبت گذشتہ سال کے۔ ہم نے اس مرتبہ مقامی ماسٹر تربیتی افسر کو مقرر کیا تھا تاکہ وہ نہ صرف تجربہ کا تبادلہ کرے سیشن کے دوران بلکہ اپنی پوری کوشش کرلے۔ اس سب میں سب سے زیادہ دو تربیتی افسران کے نام آتے ہیں بلوچستان کے تربیتی ماسٹر ایس آئی سرور گھسی اور ایس آئی شیر خان انہوں نے صرف سیشن کو چلانے میں مدد کی بلکہ اس کے معیار کو بھی پوری طرح سے جانچا اور برقرار رکھا اور تمام انتظام کو پوری طرح سے اپنی نگرانی میں مکمل کروایا۔ ان کے اس جذبے اور لگن کو سراہتے ہوئے اور سخت محنت کے اعتراف میں ان کو سرٹیفکیٹ آف رول اور ماڈل ماسٹر ٹرینرز دیئے گئے۔

تربیت کی اندرونی اہمیت/ اندازہ

یہ تربیت شہری۔ سی پی ای کے زیر اہتمام منعقد کی گئی تھی جو پولیس حکام کے لئے تھی جو اگست ۲۰۱۱ تا جولائی ۲۰۱۲ تک کراچی۔ اسلام آباد پشاور اور کوئٹہ میں منعقد ہوئی جس میں محکمہ پولیس سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی یہ تربیت چار موڈل میں ہوئی۔ موڈل نمبر ا تا ۴ تربیت اور ماسٹر ٹریننگ اس کے بعد منعقد ہوئی۔ اس ٹریننگ کی اندرونی اہمیت ہوئی ہر تربیتی موڈل مکمل کرنے کے بعد۔

- اسلام آباد ہوٹل پولیس کلب پشاور ہوٹل ریجنٹ پلازہ کراچی اور لارڈز ہوٹل کوئٹہ بہترین تربیتی ورکشاپ کی جگہیں منتخب کی گئی تھیں۔ ملٹی میڈیا موجود تھا اور اس کا بھرپور استعمال کیا گیا۔
- دوران ترتیب تربیت دینے والے افراد اور تربیت فراہم کرنے والے افراد کا رویہ طرز عمل بہت اچھا رہا اور انہوں نے خود کو موثر انداز میں پیش کیا۔
- ٹریننگ/تربیت کے لئے جو وقت دیا گیا تھا انہوں نے اُس پر پابندی سے عمل کیا۔
- جناب نواز بھٹی جو کہ مہمان تھے موڈل ۲ ٹریننگ کے اسلام آباد میں فروری ۲۲ اور ۲۳ انہوں نے معیاری لیکچر نہیں دیا۔ شرکا نے بہتر شخص کو مدعو کرنے کی درخواست کی۔
- سینئر پولیس آفسر/حکام کو بھی مدعو کیا گیا تھا کہ وہ بھی لیکچر دیں اس طرح کی تربیتی نشست میں۔
- موڈیول نمبر ا کے شرکاء کو آئین کے مطالعے کا موقع ملا جو انہوں نے اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔
- شروع کے تربیتی پروگراموں میں شرکا نے کچھ ہچکچاہٹ اور عدم دلچسپی ظاہر کی مگر بعد میں اس میں بھرپور حصہ لیا۔
- دو دن کے تربیتی پروگرام کے ورک شاپ کے اختتام پر شرکاء کی جانب سے خاطر خواہ جواب ملا۔ ان میں لی جانے والی تربیت اور معلومات اوسط درجے کی پائی گئیں۔
- ان دو روزہ ورک شاپس میں جو مقصد حاصل کیا گیا وہ قانون نافذ کرنے والے اداروں میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے متعلق آگاہی کو مضبوط بنانا اور بہتر کرنا تھا اور عام شہریوں اور پولیس کے درمیان بہتر تعلقات اور باہمی ربط کو بہتر بنانا تھا جو کہ اوسطاً حاصل کرلیا گیا۔

پاکستان پولیس میں انسانی حقوق کے حوالے سے خاص اصلاحات کی تربیت

آخری سہ ماہی کی رپورٹ اپریل ۲۰۱۲ء تا جولائی ۲۰۱۲ء

ماڈیول ۳ کے دوران کی سرگرمیاں

یہ سالانہ رپورٹ پیش کی جارہی ہے ایک سالہ تربیتی منصوبے کی "پاکستان پولیس میں انسانی حقوق کے حوالے سے خاص اصلاحات کی تربیت"

موجودہ سہ ماہی میں (۵) پانچ ورک شاپس منعقد کئے گئے جن کا تعلق ماڈیول ۳ اور ماڈیول ۴ سے تھا۔ ماڈیول ۳ اور ۴ پشاور، کوئٹہ، اسلام آباد اور کراچی میں منعقد ہوئے۔ آفیسر اور دیگر اسٹاف جو مختلف اداروں سے واسطہ تھا جن میں سندھ پولیس خیبر پختون خواہ پولیس بلوچستان پولیس، اسلام آباد راول پنڈی پولیس نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ ایک دو روزہ ماسٹر تربیتی پروگرام بھی منعقد ہوا اور میں اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ یہاں پر (۳) تین سیشن منعقد کروائے گئے جو کہ پولیس کے اعلیٰ حکام معاشرے سے تعلق رکھنے والی دیگر شخصیات کے علاوہ نوجوانوں کو بھی مدعو کیا گیا جو اسلام آباد پشاور اور کوئٹہ سے آئے تھے۔ کھلی کچہری بھی لگائی گئی تھی جو کہ کراچی میں لگی۔ ان کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

دو روزہ انسانی حقوق سے متعلق ورک شاپ میں شعور اجاگر کرنے کے لئے اور "خواتین اور بچوں کے حقوق" جو ماڈیول ۳ جو کہ بلوچستان پولیس کے لئے جون ۲۲-۲۳ کو لارڈز ہوٹل کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ آنسہ گل مینا بلال احمد جو تربیتی لیڈر تھے اس ورک شاپ کا اہتمام کیا۔ شہری سی پی ای کے زیر اہتمام جب کہ محمد حنیف پتری ریجنل منیجر SPARC تھے وہ Resource Person تھے۔ خواتین پولیس بھی موجود تھی اس ورک شاپ میں یہ بنیادی اغراض و مقاصد تھے۔

شرکاء کی مدد کی جائے اس بات کو دریافت کرنے بچانے اور پہچاننے اور سمجھنے کی ان لوگوں کو جو معاشرے میں محفوظ اور کمزور ہیں اور وہ کمزور کیوں ہیں؟

- اس بات کو بڑھانے اور سمجھنے کو جو شرکا کو سمجھائی گئی کہ کس طرح جنس یکسانیت اور کمزور ہوتی ہے اس کے اثرات۔
- شرکاء میں اس بات کی حساسیت پیدا کرنا کہ وہ کمزور افراد یا طبقہ کے حقوق کے لئے کوشاں ہوں اور ان کو سمجھیں۔
- پولیس کے کردار کو نمایاں کیا گیا جو وہ کمزور افراد کے حقوق کو تحفظ دینے میں ادا کرتی ہے۔

ماڈیول (۴):

دو روزہ انسانی حقوق پر مبنی ورک شاپ کا اہتمام کیا گیا جس میں عالمی طور پر (ماڈیول ۴) خیبر پختون خوا کی پولیس کو مدعو کیا گیا۔ یہ Z اور A مئی ۲۰۱۲ء کو پولیس کلب پشاور میں منعقد ہوا۔ اسی طرح کا ایک ورک شاپ اسلام آباد ہوٹل اسلام آباد میں بھی منعقد ہوا جو ۱۰ اور ۱۱ مئی ۲۰۱۲ء کو منعقد ہوا۔ جب بلوچستان پولیس کے لئے لارڈز ہوٹل کوئٹہ میں اور سندھ پولیس کے لئے ۲۹ اور ۳۰ مئی ۲۰۱۲ء کراچی ہوٹل ریجنٹ پلازہ کراچی میں منعقد کیا گیا۔ آنسہ گل مینا بلال احمد اس کی اہم تربیتی ماہرہ جرار حسین ایڈووکیٹ (HRCP) اور مس شبینہ ایاز ڈائریکٹر ریزیڈینٹ عورت فاؤنڈیشن اس کے اہم تربیت کنندہ تھے جو پشاور میں تھے۔ جناب بابر بشیر (روزن) اور ایڈووکیٹ مس حمیرا مسیح الدین اسلام آباد

جب کہ نصراللہ خان ایگزیکٹو ڈائریکٹر پیس اینڈ ڈیولپمنٹ کوئٹہ جب کہ شمس الدین (HRCP) اور میں حامد صدیقی کراچی کے اہم تربیت دینے والے افراد تھے۔ خواتین پولیس بھی اس میں موجود تھی اور جو موضوعات اس میں مکمل کیے گئے وہ مندرجہ ذیل ہیں:

- شرکاء کی مدد اور راہنمائی کے لئے اور ان کی سمجھ کو بڑھانے کے لئے مختلف عوامل اور طریقہ کار جو اقوام متحدہ سے تعلق رکھتا ہے جس میں یو این کنونشن اور ڈکلیریشن شامل جن کا انسانی حقوق سے تعلق ہے۔
- شرکاء میں انسانی حقوق کے شعور کو اجاگر کرنا اور UN Declaration of Human (UDHR) Rights کو بہتر انداز میں سمجھنا۔
- شرکاء میں انسانی حقوق کا دیگر معاملات سے ربط اور تعلق سمجھنا اور اس کے اصول دستاویزات کو بھی جاننا۔
- پولیس کا کردار کہ وہ کس طرح سے انسانی حقوق کی حفاظت کرے۔

ماسٹر تربیتی ورک شاپ

یہ آخری تربیتی پروگرام کا حصہ تھا۔ اس میں پولیس سے واسطے افسران کو مدعو کیا گیا تھا۔ اس کا اہم مقصد اس سیشن میں پولیس کے اسٹاف کو اس ضمن میں مزید تربیت دینا تھا تاکہ وہ خود کو ذمہ دار اور بہتر انداز سے پیش کر سکیں۔ اس سیشن کے روحِ رواں تھیں گل مینا بلال احمد جب خاطب احمد شہری سی پی ای نیاز احمد صدیقی پی ایس پی، سابقہ آئی جی سندھ ترتیب فراہم کرنے والے افراد تھے۔ کل ۱۶ پولیس افسران نے اس سیشن میں ماسٹر ٹریننگ حاصل کی۔ اس ٹریننگ کے مندرجہ ذیل اغراض و مقاصد تھے۔

- شرکاء میں علم اور سمجھ بوجھ پیدا کرنا اور زیادہ سے زیادہ تربیتی پروگراموں میں شرکت کرنے کے لئے تیار کرنا۔
- آپس کے تجربات اور آگہی تکنیکی کا فروغ اور تبادلہ تاکہ بہتر انداز سے تربیت کی جا سکے۔ ان ورک شاپس میں اور اگر کوئی مخالفت ہو تو اس کا مقابلہ کیا جا سکے۔
- ان چاروں ماڈیولز ٹریننگ کی اہمیت جو مختلف پولیس کے افراد کو دی گئیں جن میں افسران شامل ہیں۔

مشاہدات جو دورانِ تربیت کیے گئے

تربیت کے دوران یہ مشاہدات سامنے آئے:

- تربیت کے دوران یہ دیکھا گیا کہ نہ صرف بین الصوبائی فرق واضح رہا بلکہ ایک ہی صوبے سے تعلق رکھنے والے افراد میں واضح فرق پایا گیا۔ اگر کراچی میں ایک افسر لیاری کا تھا تو دوسرا ڈیفنس سے تعلق رکھتا تھا۔
- کسی طرح بھی کوئی صوبائی تعصب والی بات محسوس نہیں کی گئی۔ اور شرکاء بہت کھلی فضا میں حصہ لیتے رہے۔ صوبائی ہم آہنگی کا بہترین مظاہرہ کیا گیا۔
- یہ دو ماسٹر ٹرینرز متعارف کروائے گئے بطور "ماڈل ماسٹر ٹرینرز" جنہیں بعد میں اسلام آباد بھیجا گیا وہ دوران ماسٹر تربیتی پروگرام کے لئے تاکہ وہ اپنے تجربات سے دیگر افراد کو مستفید کر سکیں۔ خاص طور پر دیگر ماسٹر ٹرینرز کو۔

مشاورتی سیشن

مشاورتی سیشن کا انعقاد خیبر پختون خواہ پولیس اور شہریوں کے درمیان کروایا گیا۔ جو روبرو ہوا ۱۹ مئی ۲۰۱۲ء شیرٹن ہوٹل پشاور میں اسی طرح سے اسلام آباد پولیس اور مقامی نوجوانوں کے درمیان ۱۰ مئی ۲۰۱۲ء کو اسلام آباد ہوٹل میں اسی طرح کا مشاورتی پروگرام منعقد کیا گیا اور بلوچستان پولیس اور سول سوسائٹی کے درمیان ۲۲ مئی ۲۰۱۲ء کو لاڈز ہوٹل کوئٹہ میں بھی ایسا ہی پروگرام منعقد کروایا گیا۔ آنسہ گل مینا بلال احمد اس کی روحِ رواں تھیں جنہوں نے شہری سی پی ای کی جانب سے اظہار خیال کیا اور کمیونٹی/پولیس کے باہمی تعلقات پر روشنی ڈالی۔ پولیس سے متعلق اشتہارات بھی مہم کا حصہ تھے جو شہری سی پی ای نے اہم انگریزی اور اردو اخبارات میں شائع کروائے جن میں پولیس میں اصلاحات کا آغاز کا بھی ذکر کیا گیا۔

ان اشتہارات کی کاپیاں شرکا میں تقسیم کی گئیں جنہوں نے سیشن میں شرکت کی تھی۔

محکمہ پولیس سے تعلق رکھنے والے افراد نوجوان پیشہ ورانہ اور ان کے رہنماؤں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس کے علاوہ شہری انجمنوں نے بھی حصہ لیا۔ ان تمام افراد نے اپنے طور پر پولیس کی اصلاحات کے لئے اپنے اپنے طور پر مشوری پیش کیے۔

زیر بحث موضوعات

مندرجہ ذیل نکات پر اس سیشن کے دوران غور کیا گیا:

- پولیس کے افراد دراصل شہری ہوتے ہیں۔ یونی فارم میں جب کہ شہری ان سے بلاوجہ کی نفرت رکھتے ہیں اور یہ نہیں سمجھتے پولیس میں کچھ ایماندار اور فرض شناس افراد بھی شامل ہیں۔
- شہریوں کو ایسے ورک شاپ میں حصہ لینا چاہئے تاکہ ان میں شعور اجاگر ہو سکے۔
- رشوت لینا جُرم ہے مگر دینا بھی تو ہے جو دی جاتی ہے۔
- شہریوں اور پولیس دونوں پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قانون میں ہوتی ضروری ہے تاکہ جرائم کو دونوں کے تعاون سے روکا جا سکے۔
- پولیس کے محکمے پر سیاسی دباؤ یا دخل اندازی نہیں ہونی چاہئے۔
- ڈیوٹی کے اوقات کار میں کمی کی جانی چاہئے۔
- پولیس میں موجود بے قاعدگیوں، عوامی حلقوں میں پولیس کی جانب سے بُرے رویے کی بات کی گئی اور جن کا فرق بھی محسوس کیا گیا جو کہ بہت دیکھا گیا۔

کھلی کچہری

اس سیشن کے علاوہ کھلی کچہری کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں پولیس کے لئے اصلاحات کا ذکر تھا۔ اس پر خصوصی توجہ دی گئی۔ خاص طور پر انسانی حقوق سے متعلق ٹریننگ پر۔ شہری سی پی ای نے اس کا اہتمام کیا تھا۔

یہ کھلی کچہری ہوٹل ریجنٹ پلازہ کراچی میں ۲۹ مئی ۲۰۱۲ء کو منعقد کی گئی جس میں شرکا کا تعلق سول سوسائٹی، پولیس، وکلا، میڈیا اور اکیڈمی کے افراد سے تھا۔ مندرجہ ذیل باتیں نکات اس میں زیر غور آئے/ ان کو کور کیا گیا۔

- مندرجہ بالا پروجیکٹ بنیادی طور پر کراچی سے شروع کیا گیا تھا اس بات کو محسوس کرتے ہوئے کہ پولیس آفیسر اپنے آپ کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ انسانی حقوق کے حوالے سے بین الاقوامی، مذہبی اور آئینی دائرہ کار میں رہتے ہوئے۔
- کھلی کچہری کی وجہ سے کئی مسائل بھی زیر غور آئے جن کا باہمی ربط یا تعلق تھا جن کا محکمہ پولیس اور دیگر شعبوں اور عوامی حلقوں سے گہرا تعلق تھا۔ ان پر ان مشکلات کو حل کرنے کا دباؤ بھی تھا جیسے پولیس سے متعلق اشتہار میں بتایا بھی تھا۔

توسیع:

ماسٹر ٹریننگ کے شرکاء اور ٹریننگ سیشن ان کے شرکا یہ تھے۔

۱) انسپکٹر اسماعیل خان
۲) ایس آئی واجد علی
۳) اے ایس آئی نثار احمد
۴) ایچ سی راشد احمد
۵) اے ایس آئی محسن حیات
۶) اے ایس آئی محمد حارث
۷) ایچ ایس شیراز احمد
۸) ایس آئی فیاض شنواری
۹) ایس آئی جہاں زیب
۱۰) ایس آئی راشد بلوچ
۱۱) ایس آئی ریاض احمد
۱۲) اے ایس آئی عبیداللہ
۱۳) اے ایس آئی ثناءاللہ مینگل
۱۴) ایس آئی غلام سرور گسی
۱۵) ایس آئی شیر حسین

شرکاء کا ٹریننگ کے بارے میں جواب

مندرجہ ذیل جواب شرکاء کی جانب سے آئے جو انہوں نے تربیتی سیشن کے دوران دیئے۔

- پولیس کو چاہئے کہ انسانی حقوق کے متعلق حساس ہو اور نہ صرف شہریوں کو تحفظ فراہم کرے بلکہ خود بھی انسانی حقوق کی پامالی کی مرتکب نہ ہو۔
- شہریوں میں اپنے فرائض اور حقوق کی پامالی کی مرتکب نہ ہو۔
- شہریوں میں اپنے فرائض اور حقوق کا شعور اُجاگر کیا جائے۔
- عوام اور پولیس اپنے علاقوں میں ایک دوسرے کا احترام کریں تاکہ قانون کا نفاذ بہتر انداز میں ہو سکے۔
- پولیس کا کردار انسانی حقوق کے تحفظ کے حوالے سے اُجاگر کیا جائے۔
- مقامی پولیس اور انسانی وسائل کی ترقی محکمہ پولیس کے حوالے سے خصوصی طور پر کی جائے۔
- پولیس میں ترقیاں اور ادارے کے لئے بہتر اقدامات کئے جائیں۔
- پولیس میں ایسا پلیٹ فارم قائم کیا جائے جو قانون نافذ کرنے والے اداروں آفیسروں اور شہریوں کو سہولت دے، اس مقصد کے لئے اعتماد پیدا کیا جائے اور محکمہ پولیس کو شفاف بنایا جائے۔
- پولیس افسران انسانی حقوق کے تحفظ اور ہر انسان کے جائز حقوق کا تحفظ کریں جو قانون کے دائرہ کار میں ہو۔
- اگر کسی پولیس افسر کی زندگی خطرے میں ہو تو محکمہ کی جانب سے اُسے تحفظ دیا جانا چاہئے اور سیکیورٹی بھی فراہم کی جائے۔
- پولیس افسران کو لانے لے جانے کے لئے ٹرانسپورٹ مہیا کی جانی چاہئے۔
- اگر کوئی پولیس آفیسر دوران ڈیوٹی مارا جائے قتل کر دیا جائے تو اُسے ''شہید'' قرار دیا جائے۔
- اضافی الاؤنس ادا کیا جانا چاہئے اُن افراد کو جو اسپیشل ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہوں۔ ان میں سے ہر ایک پولیس آفیسر کو۔
- جب بھی کسی مسئلے کے تحت سیکورٹی پلان مرتب کیا جائے شہریوں کے تحفظ کا تو اس میں حفاظتی اقدامات اور تحفظ پولیس افسران کے لئے بھی ہونا ضروری ہے۔
- پولیس کالونیاں محفوظ علاقوں میں قائم کی جانی چاہئیں جہاں پولیس افسران اپنے اہل خانہ کے ہمراہ محفوظ طور پر رہ سکیں۔
- موبائل پٹرولنگ یا ناکہ بندی کے وقت پولیس کی بھاری نفری تعینات کی جانی چاہئے۔

- اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ملک کا قانون مکمل طور پر نافذ کیا جائے گا۔
- پولیس ٹریننگ پروگرام وقتاً فوقتاً منعقد کیے جانے چاہئیں اور ان میں ان کی شرکت بھی کروائی جانی چاہیے۔
- پہلے مرحلے میں پولیس کو خود میں تبدیلی لانی ہوگی۔
- چیک اینڈ بیلنس کا نظام قائم کیا جانا چاہیے۔
- قانونی نظام کا ازسرنو جائزہ لیا جانا چاہیے۔
- انسانی حقوق سے متعلق ٹریننگ پولیس ٹریننگ اسکول اور کالجوں میں کی جانی چاہیے۔
- سول سوسائٹی یہ اہم رول ادا کرسکتی ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ مل کر کام کرے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو روکے۔
- یہاں تک کہ ٹارچر کرنے والے اداروں اور ٹارچر (ایذارسانی) فی الحال اب تک کم ہے اور اسے مزید کم کیا جانا ضروری ہے۔
- جدید طریقہ تفتیش کو استعمال اور متعارف کروانا چاہیے تاکہ پولیس کو کسی بھی جرم کی تفتیش میں آسانی ہو۔
- جس جگہ جرم سرزد ہوتا ہے وہاں سے شواہد اکٹھے کرنے میں مشکلات درپیش ہوتی ہیں جس وجہ سے اس مقام پر میڈیا کے افراد کی موجودگی اور لوگوں کا غیر ضروری ہجوم ہوتا ہے۔
- پولیس کے افسران نے ٹریننگ کے ان معلومات کو طریقہ کار کو بہت سراہا اور شہری ذمہ داریوں پر توجہ دلوانے کی تعریف کی جب کہ شہریوں کی جانب سے زیادہ تر ذمہ داری پولیس پر عائد کی گئی۔

کھلی کچہری کے شرکاء:

(۱) عید معلم خان
(۲) محمد یوسف
(۳) گل مینا بلال احمد
(۴) الفت علی
(۵) ایم اے۔ رشید
(۶) ریحان اشرف
(۷) ایم ابو عبید
(۸) فرحت اللہ قریشی
(۹) یوسف علوی
(۱۰) کیپٹن (ر) فاروق داؤد
(۱۱) انور نبی خان
(۱۲) شاہد علی
(۱۳) محمد علی
(۱۴) کامران نقوی
(۱۵) نورین احمد
(۱۶) ریحانہ یاسمین
(۱۷) ایم قذافی سومرو
(۱۸) فیض اقبال
(۱۹) ثمر رباب
(۲۰) حفیظ پیرزادہ
(۲۱) جاوید نقوی
(۲۲) نوشین انور
(۲۳) بھگوان داس
(۲۴) نادر خان
(۲۵) محمد طاہر
(۲۶) عباس بادامی
(۲۷) زیبا
(۲۸) سید الفت حسین شاہ
(۲۹) عالم چندنانی
(۳۰) دردانہ نوشین
(۳۱) جہان خان
(۳۲) خرم اقبال
(۳۳) جان شیر خان
(۵۴) امیر علی بھائی
(۳۵) مس عمرہ جاوید

"پڑوسیوں کا دن مبارک ہو" سوسائٹی جہاں لڑکیاں پڑوس کے مسائل پر بات کررہی ہیں جہاں اس سوسائٹی کو معرض وجود میں لایا گیا۔ لڑکیاں پڑوسیوں کے مسائل کو سن کر ضبط تحریر میں لاکر، جہاں تک ممکن ہو پڑوسیوں کی مدد کے لئے کام کرنے کی تیاری کرتی ہیں۔

کام کے ضمن میں تعلیمی کلاسز کا انعقاد پڑوس میں بچوں کی پرورش ماحولیاتی شعور اجاگر کرنا۔ خطوط لکھنا۔ اخبارات کے مدیروں کے نام مراسلے اور اخبارات کے آرٹیکل لکھنا، ایجنسیوں کے نام مراسلے ارسال کرنا جیسے KMC، KWSB، KESC وغیرہ۔ پڑوسیوں کے مسائل اور ماحولیات پر والدین کو بتانا تاکہ وہ ماحولیات کو بھی اور پڑوس میں اردگرد ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔ درختوں کی افزائش اور ان کی دیکھ بھال ماحولیاتی رضا کارانہ کام اور دیگر سماجی کام کرنا۔

یہ تمام کام اور ان کی مکمل تیاری طالبات کرتی ہیں۔ جن میں رضا کار بھی شامل ہوتے ہیں۔ اسکول کا متعلقہ شعبہ کپڑوں اور دیگر ضروری اشیاء کی فراہمی کا مکمل انتظام کرتا ہے اس پروگرام کو طالبات کی بڑی تعداد نے دیکھا اور شعبے کو دیکھا۔

ورکشاپ انسانی حقوق اور قانون نافذ کرنے والے ادارے

July - December 2012

تعارف:

پولیس کسی بھی جمہوری ملک میں قانون اور ضابطہ اخلاق کے ماتحت ہوتی ہے۔ قوانین اور قانون نافذ کرنے والے ادارے مسلمہ اصولوں اور فطری قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے بین الاقوامی معیار کو پورا کرتے ہیں۔ جوان کو یہ اختیارات دیتے ہیں۔ پولیس کے ممبران ان اختیارات کی خلاف ورزی بھی کرتے پائے گئے ہیں۔ بجائے ان کی پاسداری یا پابندی کریں اور انسانی حقوق کی حفاظت کریں۔ ایسا وہ اس وقت کرتے ہیں جب وہ اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہوتے ہیں۔

اور بطور نتائج شہری کو ناحق تنگ کیا جاتا ہے اور ہر طرح سے جرائم میں ملوث قرار دے دیا جاتا ہے۔ عام شہری کو اس کے انسانی حقوق سے محروم کرنے کی بھی کوشش کی جاتی ہے جس میں اس کا آزادی اظہار کا حق تک سلب کر دیا جاتا ہے۔ شخصی آزادی، زندگی آزادی اور آزادی اظہار جو کہ اسلام میں تک میں دیئے گئے ہیں اور اقوام متحدہ کا چارٹر انسانی حقوق جن کی ضمانت دیتا ہے اور ہمارا آئین ان کی پاسداری کرتا ہے سلب کر لئے جاتے ہیں۔

پاکستان میں قانون کا نفاذ:

کسی ظلم یا جرم کے شکار شہری کے لئے اس سے بڑی تکلیف اور اذیت اور کیا ہوگی کہ اُسے اُن کے کیس کی ایف آئی آر تک کے لئے انکار کر دیا جاتا ہے۔ FIR بنیادی طور پر ہر شہری کا حق ہے۔ یہ ہر شہری کا حق ہے کہ وہ پولیس میں جا کر اپنی شکایت پر مبنی رپورٹ درج کروائے اور پولیس اُس کے کیس کی چھان بین کرے اور اُسے کسی بھی خطرے سے پورا تحفظ حاصل ہو۔ ملزم کی تلاش اور کی جانی چاہئے اور رپور درج کروانے والے کو اس سے باخبر بھی رکھا جانا ضروری ہے۔ ملزم کو بھی دوسری جانب اس بات کا حق ہونا ضروری ہے کہ اُسے کیس کے صحیح ثابت ہونے تک مجرم نہ تصور کیا جائے۔ اُسے اس بات کا حق ہو کہ اُس کا مقدمہ ایک غیر جانب دار، آزاد فضا میں پیش کیا جائے گا۔ اُسے کسی طور پر بھی ہراساں ذہنی یا جسمانی اذیت نہیں دی جائے گی اور نہ ہی زبردستی اقبال جرم کرنے کے لئے دباؤ ڈالا جائے گا۔ اس کی گرفتاری کے وقت اسے اپنے دفاع میں وکیل کرنے اور اپنے دفاع کرنے کا پورا حق دیا جائے گا۔ جو کہ وہ اپنی پسند اور خواہش کے مطابق کسی وکیل کی خدمات حاصل کر سکتا ہے۔ اُسے اُس کے پورے حقوق کی آگاہی دی جائے گی۔

شہری اور پولیس کا باہمی ربط

شہریوں اور پولیس کا آمنا سامنا زیادہ تر ٹریفک کے انتظام کے دوران ہوتا ہے۔ پولیس کو اکثر بوڑھے بچوں کو سڑک عبور کرتے میں مدد کرتے دیکھا جاتا ہے یا پھر 15 اور 999 نمبرز کی کالیں جو شکایات سے ملحق ہوتی ہیں۔ اصل پولیس اور شہریوں کی ملاقات/ رابطہ اُس وقت ہوتا ہے جب کسی طرح جرم یا واردات ہو جاتی ہے اور شہری خود ایک جرم بن جاتا ہے۔ اس کے بعد وہ جرائم سے متعلق انصاف کے حصول کے نظام کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ پولیس پہلی قانون نافذ کرنے والی ایجنسی ہوتی ہے جو حکومت کی ہوتی ہے اور جس سے شہری رابطے میں آتے ہیں اور اس کا کام اور ذمہ داری قانون شکن عناصر کو پکڑ کر انصاف تک لانا ہوتا ہے۔

جرائم کی تحقیقات

یہ اس وقت شروع ہوتی ہے جب پولیس کو اس کی باقاعدہ شکایت موصول ہوتی ہے۔ یہ معلومات کسی بھی طرح سے موصول ہو سکتی ہے۔ شکایت کرنے والے کے لئے خود ذاتی طور پر پولیس کے پاس جانا لازمی نہیں یعنی کہ پولیس اسٹیشن۔ شکایت ملنے پر جرم / واردات کی جگہ کا دورہ کیا جاتا ہے۔ بچے ہوئے

شواہد ذرائع جمع کیے جاتے ہیں اور ان کو محفوظ کر لیا جاتا ہے۔ ان جگہوں کی مکمل تلاش ہوتی ہے۔ لوگوں سے انٹرویو پوچھ گچھ کی جاتی ہے۔ مشکوک افراد کو زیر حراست کر لیا جاتا ہے۔ جن پر شک ہو اُن کی گرفتاری کی جاتی ہے۔ ان تمام تفتیشی مراحل کے دوران عالمی انسانی حقوق کے معیار کو مدنظر رکھنا ان پر عمل کرنا پولیس کا اولین فرض ہے اور بہت اہمیت کا حامل ہے لہٰذا پولیس کو عالمی معیار کی پوری طرح سے تربیت اور آگاہی ہونی ضروری ہے تا کہ جرائم کی تفتیش شفاف انداز سے ہو سکے۔

رپورٹ کے عرصے کے دوران طے شدہ ورک شاپس:

انسپکٹر جنرل آف پولیس سندھ نے اگست 2012ء تا جولائی 2013ء کے عرصے میں پولیس ٹریننگ کالج سعید آباد کراچی میں 10 ورک شاپس پر مشتمل ایک سلسلے کی منظوری دی۔ اس ضمن میں تین ورکشاپس منعقد ہو چکی ہیں۔ بقیہ سات ورکشاپس جنوری 2013ء سے جولائی 2013ء کے درمیان منعقد کی جائیں گی۔ اس دوران منعقدہ ورکشاپس کی تاریخوں کی تفصیل ذیل میں درج ہے:

ورکشاپ کا سیریل نمبر	تاریخیں جن پر ورکشاپ کا انعقاد ہوا	مقام
اوّل	24 تا 27 ستمبر 2012ء	پولیس ٹریننگ کالج سعید آباد، کراچی۔
دوم	22 تا 25 اکتوبر 2012ء	-- // --
سوم	17 تا 20 اکتوبر 2012ء	-- // --

ہر ورکشاپ کا پروگرام جدول "A" میں درج ہے:

منصوبے کے مقاصد:

منصوبے کے مقاصد مندرجہ ذیل تھے:

(a) انسانی حقوق کی پامالی پر کارروائی کے لئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی اور صلاحیت میں اضافہ کرنے کے لئے۔

(b) پولیس اور شہریوں کے باہمی اور زیادہ بہتر رابطہ اور باہمی رشتے کو مضبوط بنانے اور پولیس کے بہتر عوامی احتساب کے لئے۔

(c) تفتیشی برانچوں کے پولیس افسران اور جرم کی تفتیش میں مصروف افراد کی انسانی حقوق کی حدود میں رہتے ہوئے کیس کی تفتیش کی تربیت کرنا۔

نتائج:

"انسانی حقوق اور قانون کی بالادستی: جرائم کی تفتیش" پر ہونے والی تربیت کے اس پروگرام کے آخر میں پولیس افسران اور شرکاء نے

(a) انسانی حقوق کی حدود میں رہتے ہوئے اور فارینسک رپورٹوں کی روشنی میں جدید خطوط پر جرائم کی تحقیقات کے بارے میں تربیت حاصل کی۔ انہیں اسلام میں موجود بنیادی انسانی حقوق، اقوام متحدہ کے عالمی ڈیکلریشن برائے حقوق انسانی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے بارے میں پاکستان کے قوانین کے بارے میں آگاہی فراہم کی۔ یوں ان افراد کو انسانی حقوق کو پامال کرنے کی بجائے ان حقوق کا تحفظ کرتے ہوئے کام کرنے کی تربیت فراہم کی گئی۔

(b) ان افراد کو غیر قانونی اور غیر انسانی ایسے کاموں کے بارے میں آگاہ کیا گیا جو قانوناً منع ہیں مثلاً تشدد، غیر قانونی حراست، اختیارات کا غلط استعمال اور غیر قانونی تلاشیاں وغیرہ۔

(c) بین الاقوامی معیار اور بہترین پریکٹس سے ہم آہنگ جدید، تہذیب یافتہ اور معزز قانون نافذ کرنے والے ادارے کے طور پر کام کرنے کی یقین دہانی۔

ٹارگٹ گروپ:

اس ٹریننگ پروگرام کا ٹارگٹ گروپ اے ایس آئی سے پولیس انسپکٹر کے رینک کے پولیس افسران تھے۔ یہ افراد قانونی طور پر جرائم کی تفتیش کا اختیار رکھتے ہیں تاہم اس ورک شاپ میں ایس پی، اے ایس آئی اور ڈی ایس پی حضرات نے بھی شرکت کی۔ خواتین پولیس افسران کو اس تربیت کے لئے خاص طور پر نامزد کیا گیا تھا۔ ٹارگٹ گروپ کا انتخاب مندرجہ ذیل میں سے کیا گیا تھا۔

(1) لوئر اسکول کورس: یہ کورس ہیڈ کانسٹیبل کے لئے تشکیل دیا گیا تھا جن ترقی ہونے والی ہے یہ کورس اُن کے اے ایس آئی کے عہدے پر ترقی کے لئے لازمی تھا۔

(2) انٹرمیڈیٹ اسکول کورس: یہ کورس اے ایس آئی حضرات کے لئے تشکیل دیا گیا تھا جن کی ترقی ہونے والی تھی اُن کے سب انسپکٹر کے عہدے پر ترقی کے لئے لازمی تھی۔

(3) اپر اسکول کورس: یہ کورس سب انسپکٹر کے لئے تشکیل دیا گیا جن کی ترقی ہونے والی تھی اُن کے انسپکٹر کے عہدے پر ترقی کے لئے لازمی تھی۔

دورانیہ:

پہلی ورک شاپ کا دورانیہ چار دن تھا جب کہ اگلی چار ورک شاپ کا دورانیہ تین دن تھا۔ پہلی ورک شاپ کے اوقات صبح ۹ سے ۱۲:۳۰ تک تھے۔ جب بقیہ چار ورک شاپس کے اوقات صبح ۹ سے شام ۴ بجے تک تھے۔ ہر ورک شاپ میں کرائم لیبارٹری کے دورے کا اہتمام کیا گیا تھا۔

شرکاء کی مقدار:

ہر ورک شاپ میں ۳۰ تا ۴۰ افراد نے تربیت حاصل کی۔

لیڈ ٹرینر:

یہ ورک شاپس جناب نیاز احمد صدیقی سابق آئی جی پولیس جنھوں نے ۲۰۰۰ میں اٹلی سے انسانی حقوق اور قانون کے نفاذ پر غیر ملکی ماہرین سے تربیت حاصل کی، نے کروائیں۔ انھیں بین الاقوامی پولیس کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ بھی ہے۔ (یو کے۔ ۱۹۸۳-۱۹۹۳) اور امریکہ (۲۰۰۱-۲۰۰۶)

مہمان مقرر/ ماہرین:

ورک شاپ میں پولیس، عدلیہ اور سول سوسائٹی سے نمایاں افراد کو بطور مہمان مقرر اور ماہرین مدعو کیا گیا۔ ان میں سندھ ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس، سابق وفاقی وزیر قانون انسانی حقوق کے سابق چیف جسٹس، سابق وفاقی وزیر قانون انسانی حقوق کے وزیر سابقہ اور موجودہ آئی جی پولیس شامل تھے۔

تربیت فراہم کرنے والوں کی طرف سے غیر رسمی مجالسوں کے دوران تربیت فراہم کردہ افراد سے ورک شاپ کے شرکا کے بارے میں اُن کی رائے معلوم کی گئی، چند ایک آراء یہ ہیں:

(1) یہ تربیت ان افراد کے لئے ناگزیر تھی۔ یہ تربیت ان افراد کے لئے بے حد ضروری تھی جن کو جدید خطوط پر جرائم کی تفتیش کے لئے تربیت فراہم کی جارہی تھی۔

(2) افراد کی تربیت میں شرکت اور سیکھنے کا رجحان بہت بلند اور معیاری تھا۔ شرکا نے تربیت اور زیر بحث موضوعات میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔

(3) سیشن بے حد معلوماتی رہا۔ اور تربیت فراہم کرنے والوں اور شرکاء میں معلومات کا تبادلہ خاصا مفید رہا۔

(4) شہری کی جانب سے آرگنائز کی گئی اس ورک شاپ سے پولیس افسران کو حاصل ہونے والی تربیت دراصل پاکستان کی خدمت ہے۔

(شرکا کی جانب سے)

ہر ورک شاپ کے اختتام پر اس ورک شاپ کی جانچ کا فارم شرکا میں تقسیم کیا جاتا تھا تاکہ وہ خود جانچ کرسکیں۔ شرکا کی اکثریت ورک شاپ کو بہترین اور قابل ستائش مانتی تھی ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ان سے اُن کو اپنی روزمرہ کی زندگی اور روٹین میں کافی مدد ملی۔ شرکا کی خاص مقدار نے اپنے طور پر جانچ کرنے کے لئے Evaluation Form تیار کئے۔

اس کے علاوہ غیر رسمی طور پر بھی ہر سیشن کے اختتام سے پہلے بھی مثلاً چائے کے وقفے کے دوران اور جب سیشن کی کارروائی مکمل ہوجاتی تو اُس وقت بھی کافی بہتر فیڈ بیک ملتا تھا۔ اس فیڈ بیک سے شرکا کا شوق لگن اور سیکھنے میں دلچسپی دکھائی دیتی تھی۔ وہ عمل کر عہد کرتے تھے کہ وہ بین الاقوامی معیار کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس پر عمل کریں گے اور CHRI کے معیار پر پورا اُتریں گے۔ اپنی روزمرہ کی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے اس پر عمل کرتے رہیں گے۔

سفارشات بھیجی گئیں:

ان ورک شاپس کی اہمیت سے متعلق سفارشات جو ان کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہیں وہ بھی دی گئیں۔

(۱) تمام شرکا جنھوں نے ورک شاپ سے اپنی ٹریننگ مکمل کی ہے ان کو اُن پولیس اسٹیشنوں پر تعینات کیا جائے جہاں ان کا عوام سے براہ راست رابطہ ہو۔ اس سے ان میں انسانی حقوق کے عالمی معیار اور ان کے قانون کو نافذ کرنے میں مدد ملے گی اور وہ اپنی روزمرہ ڈیوٹی بھی ان کے عمل کرنے میں سرانجام دیں گے۔ ان کو جدید طریقہ تفتیش کرنے کے عمل استعمال کرنے کا موقع فراہم ہوگا جو انھوں نے دوران ٹریننگ سیکھے اور پڑھے۔

. تمام شرکا پر لازمی ہو کہ وہ 6 ماہ خصوصی رپورٹ پر ہوں اور اپنی مدت ٹریننگ مکمل کرنے کے بعد اپنے سینٹر سے اور اپنی عملی کارکردگی کی مکمل جانچ ہونے کے بعد جو اُن کے سینٹر کریں گے جو کہ انسانی حقوق کا بین الاقوامی معیار اور عالمی طور پر بہترین عملی طرز عمل اور جرائم کی تفتیش کے طریقے اور تیکنیک اور کیسوں کا مکمل معائنہ کرے گی اور تب جا کر ایسے افراد ملازمت کے اہل ہوں گے۔

معلومات کو پڑھنے اوران تک رسائی حاصل کرنے کا پروگرام ترتیب دیا گیا

دولت مشترکہ انسانی حقوق کو متعارف اور آگے بڑھانے والے ادارے کی جانب سے ۱۳ تا ۲۳ نومبر ۲۰۱۲ء

رپورٹ: سرور خالد

یہ پروگرام دہلی بھارت میں منعقد کیا گیا۔ CHRI نے اس کے لیے 2 شرکا کو اپنی شریک تنظیم کے ممبران ملکوں سے مدعو کیا تھا جن میں بنگلہ دیش، نیپال، سری لنکا، افغانستان اور پاکستان شامل تھے جنھوں نے اس پروگرام میں شرکت کی۔

میں واحد "شہری سی جی ای" کی جانب سے شریک ممبر تھا۔ جو شہری سی جی ای اور پاکستان کی نمائندگی کر رہا تھا۔ جب کہ دوسرے شریک کو وقت پر بھارت کا ویزا نہ مل سکا۔

پروگرام کے دوران بھی کئی مرحلوں سے گزرتے ہوئے اپنی کارکردگی اپنے موضوع مضمون میں دکھائی تھی جو RTI کی میٹنگ کا حصہ تھا۔ وہ تحقیقات کو اس کے اسے آگے بڑھانے اور RTL کو بھارت میں ترقی و وسعت دے رہی تھی جس سے اُن کی قوم اور ملک کی فلاح ہو رہی تھی۔

اس کی (CHRI) رسمی رہنمائی اور حاضرین کی عملی پیشکش ۱۴ نومبر کو تھی جہاں ہر ایک ممبر کو یا شریک کو اپنی تنظیم کے متعلق بیان کرنا تھا اور RTI کی موجودہ حیثیت کو بھی بتانا تھا۔ اپنے ملک کے حوالے سے۔ میں نے مختصراً اُن کو "شہری" کے متعلق بتایا کہ یہ آزادی حصول معلومات کے لیے کوشاں ہے۔(FOI) اور ساتھ ہی FOI کی موجودہ حیثیت بھی بیان کی کہ پاکستان ایشیا کا پہلا ملک ہے جس نے آزادی معلومات کے متعلق قانون سازی کی ہے اور شہری سی جی ای اس کی پہلی غیر تجارتی تنظیم ہے جو ان قوانین پر عمل درآمد کرتی اور کرواتی ہے۔

اگلے دن ہماری ملاقات ڈاکٹر شنکر سنگھ سے ہوئی جو (NCPRI) کے سربراہ تھے۔ انھوں نے ہمیں بتایا کہ (NCPRI) یہ تنظیم اس بات کی پابند ہے۔ انفرادی طور پر بھی یہ ہماری حکومت اور معاشرے کو شفاف بنائے گی اور محاسبہ کرے گی۔ ابھی اسے مزید اس ضمن میں کام کرنا ہے تاکہ ہمارا معاشرہ شفاف ہو سکے۔ اس کے لئے بلاواسطہ طریقوں سے فائلنگ معلومات کی درخواستوں کی اور قانونی مقدمات کی جنگ بھی کرنی ہوگی اور عوامی اجتماعات میں لوگوں کی شنوائی بھی کرنی شامل ہیں۔

مسٹر مہابیر کسانہ سابق ٹرینر RTI کے ماہر اپنے ادارے
Institute of Secretariate Training and Management (ISTM) سے ان کے آفس میں ملاقات

جسٹس (ریٹائرڈ) اجیت پرکاش شاہ سابق جسٹس دہلی ہائی کورٹ سے ایک ملاقات ان کے گھر (رہائش گاہ پر ہوئی)

Meeting with Prof Shekhar Singh, RTI Activist (NPRI), at his residence

From L-R Kawa, Afghanistan, Amikar, CHRI, Alan, CHRI, Shyamila, Srilanka, Sarwar Pakistan, Vrinda CHRI (sitting). Chiranjibi, Nepal, Michelle, CHRI, Nasima, Afghanistan

مجھے یہ تسلیم کرنا پڑا کہ پاکستان میں حالت آج مختلف ہوسکتی ہے۔ اگر ہم ترامیم کے ذریعے اس قانون کو نافذ کریں اور کچھ سزائیں ایسے افسران کے لئے تجویز کریں جو عوامی نوعیت کی معلومات کو اور ریکارڈ کو عوام ہی کی دسترس سے باہر رکھتے ہیں اور اس قانون کا مذاق اُڑاتے ہیں اور اس سلسلے میں میڈیا کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہئے تاکہ FOI قانون کو ترقی دی جائے اس پر عمل درآمد ہوسکے۔

ماڈیول ۴ (مئی ۱۰ اور ۱۱) اسلام آباد پولیس

ماڈیول ۳ اور ۴ ورک شاپ بلوچستان پولیس

ماڈیول ۴ پشاور پولیس (مئی ۷ اور ۸ ۲۰۱۲ء)

ماڈیول ۴ ورک شاپ کراچی پولیس (مئی ۲۹ اور ۳۰ ۲۰۱۲ء)

شہری کے بارے میں

شہری...... برائے بہتر ماحول کراچی میں قائم ایک ایسا گروپ ہے جو 1988ء میں کراچی کے کچھ شہریوں کی جانب سے قائم کیا گیا اور جس کا مقصد ماحول کی تباہی پر اپنے تحفظات کا اظہار کرنا تھا۔

شہری قدرتی اور مصنوعی ماحول کے مسائل پر توجہ دیتا ہے۔ غیر قانونی تعمیرات، ماحول کے بارے میں قانون شکنی اور اسی طرح کی دوسری علامات مثلاً آلودگی، ٹریفک کی زیادتی، نکاسی آب، غیر قانونی تعمیرات، پارکنگ کی عدم دستیابی اور امن وامان کی صورتحال وغیرہ ان تمام مسائل پر شہری خاص توجہ دیتا ہے۔ شہری حکومتی اداروں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیتا ہے اور سول سوسائٹی کو بھی اس کی ترغیب دیتا ہے۔

کامیابیاں

- کلاس ٹاور کلفٹن سے متصل سڑک پر ہونے والے غیر قانونی تعمیر کا انہدام اس عمل سے سڑک چوڑائی کم ہونے سے بچائی گئی۔
- منظور پیر روڈ پر گٹر باغیچہ پارک کے 480 ایکڑ رقبے کا تحفظ۔ یہ لیاری کے گنجان علاقے میں واحد کھلی تفریح گاہ ہے جو تقریباً 10 لاکھ کی آبادی کے لئے تازہ ہوا کی حیثیت رکھتی ہے۔
- کراچی کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے علاقے میں کڈنی ہل پارک کے 62 ایکڑ زمین کا تحفظ جس میں 18 ایکڑ پر کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کی تنصیبات بھی شامل تھیں۔
- KBCA کی اوورسی کمیٹی کا قیام اور معلومات عامہ کے کاؤنٹر کا قیام۔
- کراچی اور سندھ میں KTC کے 11 اور SRTC کے 15 بس ڈپوؤں کو کمرشل کرنے اور فروخت روکنے کا انتظام۔ آج کل یہ پلاٹ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کی جانب سے انٹرسٹی بس ٹرمینلز اور دیگر سرکاری سرگرمیوں میں استعمال ہو رہے ہیں جس کی وجہ سے سڑکوں پر سے غیر قانونی بس ٹرمینلز کا خاتمہ ہو گیا ہے۔
- لائنز ایریا کراچی میں میکرو کے مقام پر سیونگ ویب گراؤنڈ پلے فیلڈ کا قیام۔
- باغ ابن قاسم کلفٹن پر غیر قانونی رہائشی منصوبے سے اس طرح کے دوسرے غیر قانونی منصوبوں کی الاٹمنٹ رک گئی۔ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ نے اس جگہ پارک بنا دیا ہے۔
- لاہور میں ڈونگی گراؤنڈ پارک کی کمرشلائزیشن کی روک تھام۔
- لاہور بچاؤ تحریک کے ذریعے کینال چینک وائیڈننگ پروجیکٹ کے نقصانات میں کمی۔
- کوئٹہ میں سیسمک بلڈنگ کوڈ کا دوبارہ اطلاق۔
- پاکستان بھر اور خاص طور پر شہری پولیس کے 390 افسران کی انسانی حقوق، شہریوں سے رابطے اور پولیس کی اصلاحات کے بارے میں تربیت۔
- سالہا سال سے شہری کی مہارت کا اعتراف اعلیٰ عدالتوں نے کیا ہے اور غیر قانونی تعمیرات کے معاملے پر شہری کو عدالت کا دوست کہا گیا ہے۔

مقاصد

- باخبر اور باعمل سول سوسائٹی، اچھی حکمرانی شفاف معاملات اور قانون کی حکمرانی قائم کرنا۔
- ریسرچ دستاویز سازی اور ڈائیلاگ کی بہتری کے ساتھ عام آدمی کے لئے پالیسیوں کی تیاری۔
- ایک پُر اثر اور شہر بھر کی نمائندہ لوکل گورنمنٹ سسٹم کا قیام یعنی افرادی قوت کی فراہمی اور تربیت۔
- کراچی شہر کے لئے ایک مکمل اور بہتر ماسٹر/زونل پلان کی تیاری اور اطلاق۔
- معاشرے میں بنیادی انسانی حقوق کا اطلاق۔

شہری کا انتظام کس طرح چلتا ہے؟

- ایک اعزازی مینیجنگ کمیٹی جس کو جنرل باڈی 2 سال کے لئے باقاعدہ منتخب کرتی ہے۔ یہ کمیٹی جمہوری انداز میں کام کرتی ہے۔
- شہری کی ممبر شپ ان تمام لوگوں کے لئے ہے جو اس کے مقاصد اور میمورنڈم کو قبول کرتے ہیں۔

شہری

کو ضرورت ہے:

والنٹیئر ورکرز جو مندرجہ ذیل منصوبوں پر کام کرسکیں:

- لیگل
- میڈیا اور آؤٹ ریچ
- آلودگی کے خلاف
- پارک اور تفریح
- گن فری سوسائٹی
- ورثہ اور اس کا بچاؤ
- فنڈز کا انتظام

کراچی میں عوامی سہولت کی جگہیں

شہر اپنے باسیوں کو فراہم کی جانے والی سہولتوں سے پہچانا جاتا ہے۔ نیو یارک شہر کا 820 ایکڑ پر مشتمل سینٹر پارک جو 1850 میں بنایا گیا، نیو یارک کے زیادہ تر باسیوں کے لئے تفریح کا اہم ذریعہ ہے۔ یہ وہ پارک ہے جو ہر سال لاکھوں سیاحوں جو اپنی اپنی فیملیز کے ہمراہ مختلف تفریحات جیسے رولر بلیڈنگ، جاگنگ اور اسٹرولنگ، بیس بال، ٹینس، کشتی رانی، چڑیا گھر کی سیر، پارک میں شیکسپیئر کے ڈراموں پر بلا معاوضہ اداکاری اور بہت سے سرسبز میدانوں میں پُرسکون انداز میں سورج کی تمازت سے لطف اندوز ہوتے ہیں کا میزبان ہوتا ہے۔ آپ کو اس جگہ بہتا پانی اور سبز میدان، انتہائی حیرت انگیز پل اور پرفارمنس سینٹرز، تعلیمی سہولتیں، باغ یہاں تک کہ کلاسیکی فن تعمیر کے نمونے بھی ملیں گے۔

شہری جو کہ بہتر شہری ماحول کے لیے کام کرنے والی ایک تنظیم ہے گذشتہ بیس برسوں سے کراچی کے پارکوں، میدانوں اور عوامی سہولت کے لئے مختلف جگہوں کے تحفظ کے لئے بالخصوص اور پورے ملک میں بالعموم کام کر رہی ہے۔ اور میں شہری کے عوامی نوعیت کے چند کاموں میں ان کا ساتھی ہونے پر بے حد مسرور ہوں۔

پاکستان کے دوسرے شہری علاقوں کی طرح کراچی کی صورت حال بھی تشویش ناک ہے۔ میں نے حالیہ برسوں میں اپنے کالموں میں اس صورت حال پر تسلسل اور تفصیل سے بالخصوص اپنے کالموں کی سیریز جس کا عنوان ''کراچی میرا ہے۔ اور میں اسے بیچ سکتا ہوں'' میں لکھا ہے۔ حکومت اور سیاسی جماعتیں آج عوامی سہولت کی ان جگہوں کے تحفظ میں ناکام نظر آتی ہیں اور نہ صرف یہ بلکہ اس لوٹ مار میں شریک بھی نظر آتی ہیں۔

بہت سے پارک، کھیل کے میدان، گندے پانی کے نکاس اور کچرے وغیرہ کے فارم اور عوامی سہولت کے دوسرے پلاٹوں پر سیاسی گروپوں اور غنڈوں نے قبضہ کر کے ان کے ٹکڑے رہائشی اور تجارتی مقاصد کے لئے فروخت کرنے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔

میں اپنے ایک گذشتہ کالم سے کچھ نقل کر رہا ہوں۔ آج سے کچھ ہفتے قبل بگوٹا کولمبیا کے سابقہ میئر اور ایک شہرہ آفاق شخصیت جناب ریزیک پینالوسا کراچی آئے تو انہوں نے مجھ سے ایک سوال پوچھا، ''اس گنجان شہر کی آئندہ نسلیں جب یہ دیکھیں گی کہ ہم نے اپنے لالچ کی تسکین کی خاطر ان کے لئے بنائے گئے پارکوں اور تفریح گاہوں کو بھی بیچ کھایا ہے تو وہ کیا کریں گی؟ وہ ہمارے یعنی اپنے بزرگوں کے بارے میں کیا رائے قائم کریں گی؟'' انہوں نے مزید کہا کہ ''دولت اور دیگر املاک تو کبھی بھی بنائی جاسکتی ہے لیکن ہڑپ کی گئی زمین اور بیچ کھائے گئے پارک کبھی دوبارہ واپس نہ آسکیں گے۔



شہری کی نائلہ احمد نے کراچی میں موجود عوامی سہولت کی جگہوں اور پارکوں کی تفصیل جمع کر کے اور انہیں دستاویزی شکل دے کر ایک عظیم کام کیا ہے۔ ایک ایسی محنت جو برسوں پر محیط ہے۔ یہ کتاب ان شہریوں اور تنظیموں کے لئے بہت مددگار ثابت ہوگی جو باقی ماندہ املاک کے تحفظ کے لئے جنگ کرنا چاہیں گے۔ ہمیں برا لگے یا بھلا۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکمرانوں اور سیاست دانوں کے طرزِ عمل کی روشنی میں عوام کی تفریح کے لئے مخصوص املاک اور پارکوں کے تحفظ اور انہیں لوٹ مار سے بچانے میں اگر کوئی امید کی کرن دکھائی دیتی ہے تو وہ اعلیٰ عدالتیں ہی ہیں۔

Ardeshir Cowasjee

جناب اردشیر کاوس جی

جون 2011ء

کاؤس جی دور کا خاتمہ

از دانش آذر زوبی

تقریباً 100 برس قبل جمشید جی نصروانجی مہتا نام کے ایک پارسی صاحب تھے، کراچی کے ایک معزز شہری جو کراچی کے پہلے منتخب میئر بنے۔ وہ ''جدید کراچی کے بانی'' کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں۔ وہ دور ان کے نام سے منسوب کیا جاتا ہے اور عرف عام میں ''نصروانجی دور'' کہلاتا ہے کیوں کہ اس دور میں کراچی کی سڑکیں روزانہ صبح واقعتاً دھوئی جاتی تھیں اور کراچی جنوبی ایشیا کا صاف ترین شہر کہلاتا تھا۔ وہ پرسکون اور پُرامن دور تھا۔ آج ہم نومبر 2012ء کو انتقال کرنے والے ایک اور معزز پارسی شہری کو یاد کر رہے ہیں جن کو ''قوم کا ضمیر'' بھی کہا جاتا ہے۔ قبل ازیں 20 مارچ 2012ء کو ''شہری'' کے کراچی کے لئے جناب اردشیر کاؤس جی کی خدمات کے اعتراف کے طور پر انہیں ''سٹیزن ایمرا ئینس'' ایوارڈ سے نوازا تھا۔

اکثر بڑے لوگوں کے مخالفین بھی بہت ہوتے ہیں۔ جناب کاؤس جی کے بھی بہت سے مخالفین تھے۔ اس کے باوجود انہوں نے بمشکل ہی کبھی حکومت سندھ کی جانب سے مہیا کی گئی پولیس کی حفاظتی ٹیم کی پرواہ کی۔ وہ ایک بے خوف کارکن تھے۔ بظاہر وہ ایک تند خو کاروباری لگتے تھے لیکن اندر سے وہ ایک دردمند دل رکھنے والے متحیر انسان دوست تھے۔ ان کے دوست احباب ان کو مختلف ناموں سے یاد رکھتے ہیں۔ انہیں پاکستان کے قدیم ترین اور مشہور کالم نگار کے نام سے یاد کیا جاتا ہے، ایک سماجی کارکن کہا جاتا ہے، ایک ماحول دوست شخص، ایک روشن خیال شہری، ایک سچا پاکستانی اور ایک محب وطن وغیرہ...... لیکن میری جب بھی ان سے ملاقات ہوئی میں نے انہیں ازراہِ تفنن ''کراچی کے بڑے ابا'' کے نام سے پکارا۔ اور انہوں نے ہمیشہ میرے ان ریمارکس کا جواب اپنی مخصوص شرارت بھری مسکراہٹ سے بغیر کوئی لفظ بولے دیا۔ سچائی کے لئے اپنی بے خوف جدوجہد کی وجہ سے اردشیر کاؤس جی ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔ اور مجھے یقین ہے کہ کاؤس جی کا دور 24 نومبر 2012ء کو ختم نہیں ہوا بلکہ تادیر یہ نام ہمت، سچائی اور بے خوفی کا استعارہ بن کر ہمارے ساتھ منسلک رہے گا اور ہمیں ہمت دلاتا رہے گا۔

کیا قدرت آج پھر جلتے سلگتے کراچی کو بچانے کے لئے کسی پارسی شخصیت کے کردار کی تیاری میں مصروف ہے؟